9645 ـ الاستجمار كيا ہے ؟

سوال

استجمار كيا ہے، اور كيا ہوائى جہاز ميں پانى كے ہوتے ہوئے بھى ٹشو پيپر استعمال كے جاسكتے ہيں، اور طہارت كا كامل طريقہ كيا ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد للہ.

پيشاب يا پاخانہ كر كے قبل اور دبر كو پتھر يا اس كے قائم مقام كسى چيز سے صاف كرنے كو استجمار كہا جاتا ہے، ليكن اس ميں شرط يہ ہے كہ ڈھيلے اور پتھر تين سے كم نہ ہوں، اور ممنوعہ اشياء يعنى ليد اور ہڈى يا وہ حرمت والى چيز مثلا كھانا وغيره نہ ہو.

پانى ہو يا نہ ہو دونوں صورتوں ميں ڈھيلے وغيره استعمال كرنا جائز ہيں، اہل علم كا كہنا ہے:

افضل يہ ہے كہ پانى اور ڈھيلوں كا استعمال دونوں چيزيں استعمال كرنا افضل ہے، كيونكہ اس ميں صفائى زياده ہے.